4771CH08

8 قدم بڑھاؤ دوستو!

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو!
چلو کہ ہم کو منزلیں بُلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دُھلے ہوئے ہیں نور سے

چمن کِھلا کِھلا سا ہے
اُفق دُھلا دُھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو!

سفر کی ابتدا ہے یہ، ابھی رکو نہ راہ میں
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نِگاہ میں



© NCERT not to be republished

رَوِش پرانی چھوڑ کے
قدم قدم سے جوڑ کے
چلے چلو کہ وقت کو، تمھارا انتظار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو!

کہو، وطن کی خاک ہی کو گلستاں بنائیں گے
رَوِش رَوِش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے

کلی کلی نکھار کے
جلاؤ دیپ پیار کے
ہمیں خود اپنے گلستاں پہ آج اختیار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو!

— بشر نواز

© NCERT not to be republished

لفظ و معنی

افق	:	آسمان کا کنارہ، جہاں آسمان زمین سے ملتا ہوا نظر آئے
نوسنگھار	:	سجنے سنورنے کے نو انداز
رَوِش	:	پگڈنڈی، راستہ، طریقہ
کہکشاں	:	تاروں کا جھُرمٹ، تاروں کی قطار جو سڑک کی مانند نظر آتی ہے
نِکھار	:	تازگی، خوبصورتی

غور کیجیے

- نظم میں مضبوط ارادے اور نئی ایجادات کو حال اور مستقبل کی ترقی کا ضامن بتایا گیا ہے۔ نئے طریقوں کے استعمال سے ہی ترقی کی راہیں کھلتی ہیں اور زندگی کو خوب تر بنایا جاسکتا ہے۔
- نظم میں مسلسل اچھے کام کرتے رہنے کی ترغیب اور مشکلوں سے گھبرائے بغیر آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا گیا ہے۔

سوچیے اور بتائیے

i. ''منزلیں بلا رہی ہیں دور سے'' کا کیا مفہوم ہے؟

ii. وقت کو ہمارا انتظار کیوں ہے؟

iii. پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے سے کیا مراد ہے؟

iv. وطن کی خاک کو گلستاں کیسے بنایا جائے گا؟

v. نظم میں پیار کے دیپ جلانے کو کیوں کہا گیا ہے؟

پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

نظم میں بعض الفاظ کا استعمال ایک سے زیادہ مرتبہ ہوا ہے۔ جیسے 'رَوِش رَوِش' اور 'قدم قدم'۔ آپ کو معلوم ہے کہ کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے اکثر ایک لفظ کو دو مرتبہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح کے کچھ الفاظ معلوم کیجیے اور اُن لفظوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک پیراگراف لکھیے۔

© NCERT not to be republished

- لفظ 'وطن' سے جوڑ کر مرکب الفاظ بنائیے اور مثال کے مطابق دیے گئے خانوں میں لکھیے:



- دیے گئے محاوروں کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے:

		معنی	جملے
i.	وقت پر کام آنا	______	______
ii.	وقت پڑنا	______	______
iii.	وقت کا کارواں گزرنا	______	______
iv.	وقت تنگ ہونا	______	______
v.	وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دینا	______	______
vi.	وقت کا بادشاہ ہونا	______	______

صحیح جوڑ ملائیے:

مصرعہ	مفہوم
چلو کہ ہم کو منزلیں بلا رہی ہیں دور سے	چمن میں ہر طرف ہریالی اور رونق ہے
چمن کھلا کھلا سا ہے	منزل کی طرف قدم بڑھاتے چلو
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ میں	ہم سب مل کر سخت محنت سے ملک کو خوش حال بنائیں
کہو، وطن کی خاک ہی کو گُلستاں بنائیں گے	راہ میں کتنی بھی مشکلیں ہوں اُن سے پریشان نہیں ہونا چاہیے

© NCERT not to be republished

◆ دیے گئے الفاظ کے مترادفات لکھیے:

مثال:	نگاہ	نظر	دید
	وطن	______	______
	گلستاں	______	______
	دیپ	______	______

◆ بعض الفاظ ایسے ہوتے ہیں جو سننے میں ایک جیسے لگتے ہیں لیکن معنی و املا کے اعتبار سے الگ ہوتے ہیں۔ انھیں ہم صوت الفاظ کہتے ہیں۔ دیے گئے لفظوں کے ہم صوت الفاظ لکھیے:

i. جنگل کا راجا ______ نظم کے دو مصرع ______

ii. ایک پھل کا نام ______ معمولی ______

iii. صبح ______ جادو ______

آپ کو معلوم ہے کہ وہ الفاظ جو ایک جیسی آواز اور یکساں حرف یا حروف پر ختم ہوتے ہیں انھیں قافیہ کہتے ہیں۔ جیسے: سَر، بَر، نظر، خبر، وغیرہ۔ نظم سے ایسے پانچ الفاظ تلاش کر کے لکھیے:

i. ______________________

ii. ______________________

iii. ______________________

iv. ______________________

v. ______________________

◆ دی گئی پہیلیوں کا حل تلاش کیجیے:

1. پڑے سانس لینے میں ان کی ضرورت
کڑی دھوپ میں دیں مسافر کو راحت
انھیں سے تو ملتے ہیں پھل موسموں کے
یہ کم ہی بچے ہیں کرو سب حفاظت

© NCERT not to be republished

2. تین رنگ ہیں اس کے اندر
دو درجن ہے اس کی تان
جان فدا ہے اس کے اوپر
بس یہ ہے میری پہچان

3. سرحد پر یہ عمر بتائیں
دشمن کو بھی خاک چٹائیں
ان کی وجہ سے اپنے گھروں میں
نیند سکون کی ہم سب پائیں

تلاش کیجیے

- ملک کے مشہور پہاڑوں اور ندیوں کے نام اور ان کے فائدے معلوم کیجیے اور اپنی کاپی میں لکھیے۔
- غار پینٹنگ کی روایت بہت قدیم و مستحکم ہے۔ اجنتا اور ایلورا کی غار پینٹنگ اس کی بہترین مثالیں ہیں۔ لائبریری سے اس موضوع پر کتابیں حاصل کیجیے اور غار پینٹنگ کی تفصیلات کو اپنی زبان میں لکھیے۔
- نوسنگھار کے معنی سجنے سنورنے کے نو (9) انداز ہیں۔ اسی طرح سجنے سنورنے کے سولہ انداز بھی ہوتے ہیں جسے ہم سولہ سنگھار کہتے ہیں۔ اپنے بڑوں یا استاد سے سولہ سنگھار کے مختلف انداز کے متعلق معلوم کیجیے۔

تخلیقی اظہار

- نظم میں حب الوطنی، جوش اور ولولے کا اظہار کیا گیا ہے۔ اسی طرح کی دوسری نظمیں تلاش کر کے پڑھیے اور اپنے ساتھیوں یا بڑوں کی مدد سے اپنے پسندیدہ موضوع پر نظم لکھنے کی کوشش کیجیے۔

© NCERT not to be republished

عملی کام

دنیا ایک کرۂ ارض ہے جہاں سورج کی روشنی ہر وقت ہر مقام پر یکساں نہیں پڑتی، بلکہ زمین کی گردش کے ساتھ ہی سورج کی روشنی کا مرکز بھی تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ انسان نے اپنی سہولت کی خاطر دنیا کو 24 ٹائم زون میں تقسیم کیا ہے۔ معلوم کیجیے کہ وہ ٹائم زون کون کون سے ہیں اور ہمارا ملک ہندوستان کس ٹائم زون کے تحت آتا ہے؟

جدول کو پُر کیجیے:

اردو	ہندی	انگریزی	علاقائی زبان
خیال	विचार	Thought	سوچ
	दीप		
رَوِش			
		Travel	
		Morning	
	मातृ भूमि		

© NCERT not to be republished